ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔
فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 20 اگست 2021ء:۔

آئی جی سندھ نے یکم تا عاشورہ محرم صوبائی سطح اور بالخصوص سندھ کے مرکزی شہروں میں محرم الحرام کے حوالے سے برآمد ہونیوالے جلوسوں، مجالس و دیگر مذہبی اجتماعات کے مواقعوں پر بہترین اور مربوط سیکیورٹی اقدامات پر رینج / زونز/ضلعی پولیس، اسپیشل برانچ اور ٹیلی کمیونیکیشن پولیس کو مبارکباد اور شاباش دی ہے۔انہوں نے اس موقع پر ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو بھی سراہا اور انھیں شاباش دی ہے۔

آئی جی سندھ نے سیکیورٹی کے مجموعی امور و اقدامات میں رینجرز سندھ اور قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں کی کارکردگی کی بھی تعریف کی اور باہمی روابط سے سیکورٹی کے مجموعی اقدامات کو غیر معمولی بنانے کو لائق ستائش قرار دیا ہے۔

:۔۔:۔:۔::۔:۔۔: